# LRN International AS & A Level: Urdu (2114)

Learning Resource Network

| | |
|---|---|
| Candidate Name | |
| Candidate Number | |
| Centre Name | |
| Centre Number | |

URDU

**Paper 3: Text** **Practice / Mock**

**2 hour 15 minutes**

You must answer on the question paper.

No additional materials are needed.

**INSTRUCTIONS**

- Answer **all** questions.
- Use a black or dark blue pen.
- Write your name, Centre number and candidate number in the boxes at the top of the page.
- Write your answer to each question in the space provided.
- Do **not** use an erasable pen or correction pen.
- Do **not** write on any bar codes.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**

- The total mark for this paper is 75.
- The number of marks for each question or part question is shown in brackets [ ]

Section 1

1۔ **غزلیں**

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے
ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے
میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے
جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود
پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے
ہم کو ان سے وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

1۔ مندرجہ بالا اشعار میں سے جو دو اشعار آپ کو زیادہ پسند ہوں ان کی تشریح کیجیے۔ اور یہ بتائیں کہ یہ آپ کو کیوں پسند ہیں۔

2۔ اس غزل کی روشنی میں غالب کی شاعرانہ خصوصیات پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) درد کے بہت سے اشعار ایسے ہیں جن سے حقیقی اور مجازی عشق کے دونوں پہلو نکلتے معلوم ہوتے ہیں۔

آپ کے خیال میں ان کی شاعری میں کون سا پہلو نمایاں ہے۔بحث کیجیے۔ /25

2۔ **نظمیں**

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

نثار میں تیری گلیوں کے اے وطن کہ جہاں

چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے

جو کوئی چاہنے والا طواف کو نکلے

نظر چرا کے چلے، جسم و جاں بچا کے چلے

ہے اہلِ دل کے لئے اب یہ نظمِ بست و کشاد

کہ سنگ و خشت مقید ہیں اور سگ آزاد

بہت ہے ظلم کے دستِ بہانہ جُو کے لئے

جو چند اہلِ جنوں تیرے نام لیوا ہیں

بنے ہیں اہلِ ہوس، مدعی بھی، منصف بھی

کسے وکیل کریں، کس سے منصفی چاہیں

مگر گزارنے والوں کے دن گزرتے ہیں

ترے فراق میں یوں صبح و شام کرتے ہیں

1۔ مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

2۔ آزادی کے بارے میں شاعر کے خیالات سے آپ کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟ مندرجہ بالا نظم کی روشنی میں اپنی رائے کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) کیا نظیر کو موجود دور کا شاعر کہا جاسکتا ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔ /15

3۔ **نظمیں**

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

سوچتا ہوں کہ بہت سادہ و معصوم ہے وہ
میں ابھی اس کو شناسائے محبت نہ کروں
روح کو اس کی اسیرِ غمِ الفت نہ کروں
اس کو رسوا نہ کروں، وقفِ مصیبت نہ کروں
سوچتا ہوں کہ ابھی رنج سے آزاد ہے وہ
واقفِ درد نہیں، خوگرِ آلام نہیں
سحرِ عیش میں اس کی اثرِ شام نہیں
زندگی اس کے لئے زہر بھرا جام نہیں!

1۔ مندرجہ بالا نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

2۔ کیا یہ نظم راشد کے مخصوص اندازِ بیان کی ترجمانی کرتی ہے؟ اپنا جواب تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) "مجاز کی شاعری جذبات و احساسات کی شاعری ہے۔" بحث کیجیے۔

Section 2 4۔ امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(الف) دلاور، خانم یا کوٹھوں پر جانے والے مرد حضرات۔ ان میں سے کون معاشرے میں برائی پھیلانے کا زیادہ ذمہ دار ہے؟ تفصیل سے جواب دیجیے۔

یا

(ب) امراؤ جان اگر بے قصور تھی تو اس کے بھائی نے اسے اپنانے سے کیوں انکار کر دیا؟ کیا اس کے بھائی کا فیصلہ درست تھا؟ تفصیل سے لکھیے۔ /10

5۔ **افسانے**

(الف) آپ مہالکشمی کے پل کے دائیں طرف ہیں یا بائیں طرف؟ وجوہات دے کر اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

یا /15

(ب) "افسانہ کفن میں مادھو اور گھیسو کے کردار محنت سے جی چرانے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ بحث کیجیے۔

6۔ **انار کلی، امتیاز علی تاج**

(الف) "دلآرام نے محبت میں قربانی دینے کے بجائے اپنا حق حاصل کرنے کی کوشش کی۔" کیا آپ اس بیان سے اتفاق کرتے ہیں؟ تفصیل سے جواب دیجیے۔

یا

(ب) "وہ بزدل ہیں جو اپنی محبت قربان کر دیتے ہیں" ڈرامہ انار کلی کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔ /10